لاہور، گوجرانوالا، راولپنڈی، فیصل آباد، سرگودھا، ملتان، ڈی جی خان، بہاول پور اور ساہیوال کے
تمام بورڈز کی تیاری برائے امتحان سال 2026ء کے لیے اَپ ٹو ڈیٹ ماڈل پیپرز

الرازی

# اَپ ٹو ڈیٹ ماڈل پیپرز

تیاری
برائے امتحان
سال 2026ء

## 10



منفرد خصوصیات

100 فارمولا
100 گیس پیپرز

- بلوم ٹیکسانومی سوالات پر مشتمل چیپٹر وائز اور ٹاپک وائز نوٹس
- پنجاب بھر کے بورڈز کے جاری کردہ نئے ماڈل پیپرز برائے سالانہ امتحان 2026ء ANALYTICAL & CONCEPTUAL کے مطابق تیار کردہ اسیسمنٹ پیپرز
- سال 2026ء پنجاب کے تمام بورڈز کے سالانہ پرچہ جات کے لیے مکمل حل شدہ مواد
- مشقی سوالات کا مکمل حل/ مشقی انشائیہ (تفصیلی) سوالات کا مکمل حل

# مطالعہ پاکستان

الرازی

# اَپ ٹوڈیٹ پیپرز

## مطالعہ پاکستان

AL-RAZI PUBLICATIONS

لاہور، گوجرانوالا، راولپنڈی، فیصل آباد، سرگودھا، ملتان، ڈی جی خان، بہاولپور اور ساہیوال کے
تمام بورڈز کی تیاری برائے امتحان سال 2026ء کے لیے اَپ ٹو ڈیٹ ماڈل پیپرز

Conceptual | Analytical | Application | Understanding | Knowledge

کی بنیاد پر تیار کردہ

# الرازی

سالانہ امتحان میں مختصر وقت میں
100 فی صد کامیابی کے حصول
کے لیے الرازی $\frac{100}{100}$ فارمولا

# اپ ٹو ڈیٹ ماڈل پیپرز

# مُطالعہ پاکستان 10

برائے تیاری امتحان
2026ء

ALRAZI PUBLICATIONS

## منفرد خصوصیات:

- بلوم ٹیکسانومی سوالات پر مشتمل چیپٹر وائز اور ٹاپک وائز نوٹس
- سال 2026ء پنجاب کے تمام بورڈز کے سالانہ پرچہ جات کے لیے مکمل حل شدہ مواد
- مشقی سوالات کا مکمل حل
- **الرازی** کلاس ٹیسٹ
- پنجاب بھر کے بورڈز کے جاری کردہ نئے ماڈل پیپرز. اے سالانہ امتحان 2026ء
ANALYTICAL & CONCEPTUAL پیٹرن کے مطابق تیار کردہ چیپٹر وائز، ہاف بک اور فل بک اسیسمنٹ پیپرز

# فہرست


| سیکشن نمبر | | عنوان | صفحہ نمبر |
|---|---|---|---|
| 1 چیپٹر وائز لرننگ میٹیریل | باب1 | پاکستان کی نظریاتی اساس | 3 |
| | باب2 | تحریک پاکستان اور پاکستان کا قیام | 17 |
| | باب 3 | تاریخ پاکستان 1971ء تا حال | 41 |
| | باب 4 | پاکستان اور عالمی اُمور | 50 |
| | باب 5 | زمین اور ماحول | 60 |
| | باب6 | آبادی معاشرہ اور پاکستان کی ثقافت | 72 |
| | باب7 | پاکستان کی معاشی ترقی | 86 |
| | باب8 | خواتین کو بااختیار بنانا | 99 |
| 2 | | الرازی $\frac{100}{100}$ فارمولا (کثیر الانتخابی اور مختصر سوالات پر مبنی) | 106 |



## الرازی فری اسیسمنٹ کِتابچہ

- اب فوٹو کاپی کی قیمت میں پانچ سالہ بورڈ کے پرچہ جات حاصل کریں۔


رائٹنگ اینڈ کمپوزنگ: الرازی اکیڈمک ڈویلپمنٹ یونٹ (ADU)

# باب1: پاکستان کی نظریاتی اساس

## نظریہ کی تعریف، ماخذ اور اہمیت

محکمہ تعلیم کی نئی امتحانی تکنیکس کی بنیاد پر ٹاپ وائز تیار کیے گئے کثیر الانتخابی سوالات (Knowledge, Understanding, Application, Analytical & Conceptual)

1۔ نظریہ کے لیے انگریزی میں لفظ استعمال ہوتا ہے:

A آئیڈیالوجی B بائیولوجی C فزیالوجی D رولز

2۔ معنی کے لحاظ سے نظریہ سے مراد ہے:

A روح B سوچ C فکر D تفکر

3۔ کسی شے کو وجود میں لانے کے لیے ذہن میں جو سوچ، فکر اور نقشہ ابھرتا اور قائم ہوتا، کہلاتا ہے:

A نظریہ B عقیدہ C روح D نقشہ

4۔ کسی بھی مقصد کے حصول کے لیے بنایا گیا فکری خاکہ کہلاتا ہے:

A اجماع B قیاس C نظریہ D فقہ

5۔ ایسی بات جو لوگوں کو متحد کر کے اس کے حصول کی کوشش پر آمادہ کر دے، کہلاتی ہے:

A حکمت B دانائی C حقیقت D نظریہ

محکمہ تعلیم کی نئی امتحانی تکنیکس کی بنیاد پر ٹاپ وائز تیار کیے گئے مختصر سوالات (Knowledge, Understanding, Application, Analytical & Conceptual)

**.1 نظریہ کے لیے انگریزی میں کون سا لفظ استعمال ہوتا ہے؟**

**جواب:** نظریہ کے لیے انگریزی میں ''آئیڈیالوجی'' کا لفظ استعمال ہوتا ہے۔

**.2 نظریہ کا مفہوم بیان کریں۔**

**جواب:** کسی شے کو وجود میں لانے کے لیے ذہن میں جو سوچ، فکر اور نقشہ ابھرتا اور قائم ہوتا ہے، نظریہ کہلاتا ہے۔

**.3 نظریہ کی تین تعریفیں تحریر کریں۔**

**جواب:** i. کسی بھی مقصد کے حصول کے لیے بنایا گیا فکری خاکہ نظریہ کہلاتا ہے۔

ii. کسی خاص مقصد کے لیے کسی قوم کی اجتماعی سوچ کا ایک بات پر متفق ہو جانا نظریہ کہلاتا ہے۔

iii. ایسی بات جو لوگوں کو متحد کر کے اس کے حصول کی کوشش پر آمادہ کر دے نظریہ کہلاتی ہے۔

**.4 نظریہ سے کیا مراد ہے؟**

**جواب:** نظریہ سے مراد ایسا ضابطہ یا پروگرام ہے جس کی بنیاد فلسفہ و تفکر پر رکھی گئی ہو اور انسانی زندگی کے مختلف پہلوؤں مثلاً: سیاسی، معاشرتی اور تہذیبی مسائل کے حل کے لیے کوئی لائحہ عمل بنایا گیا ہو۔

**.5 نظریہ مقاصد کے حصول کے لیے کس قدر اہم ہے؟ تین نکات لکھیں۔**

**جواب:** i. نظریہ قوم کو متحد رکھنے میں مددگار ثابت ہوتا ہے۔

ii. نظریہ مقاصد کے حصول کے لیے ہر قسم کی مشکلات کا مقابلہ کرنے کی طاقت بخشتا ہے۔

iii. نظریہ مقاصد کے حصول کے لیے جدوجہد کا جذبہ پیدا کرتا ہے اور مقصد کے حصول کو یقینی بناتا ہے۔ نظریہ انقلاب کو جنم دیتا ہے اور اس کی وجہ سے نئی راہیں نکلتی ہیں۔

**.6 نظریہ کے وجود میں آنے کے تین اسباب تحریر کریں۔**

**جواب: نظریہ کے وجود میں آنے کے اسباب:**

1. کوئی بھی نظریہ فوراً وجود میں نہیں آتا بلکہ اس کے پیچھے کچھ واقعات کام کر رہے ہوتے ہیں۔
2. عام طور پر نظریہ معاشرے کے پسماندہ لوگوں میں محرومی کو ختم کرنے کے لیے وجود میں آتا ہے۔
3. مشکل حالات اور سماجی دباؤ نظریے کو جنم دیتے ہیں اور معاشرے میں مشکلات کے شکار لوگ اس کی طاقت بنتے ہیں۔

## نظریہ پاکستان کا مفہوم

محکمہ تعلیم کی نئی امتحانی تکنیکس کی بنیاد پر ٹاپ پک وائز تیار کیے گئے کثیر الانتخابی سوالات (Knowledge, Understanding, Application, Analytical & Conceptual)

**.6 پاکستان تو اسی روز وجود میں آ گیا تھا جس دن برصغیر کا پہلا ہندو ہوا تھا:**

A عیسائی B یہودی C مسلمان D منافق

**.7 تحریک پاکستان اور تعمیر پاکستان کے مجموعی تصور کو کہتے ہیں:**

A تصور پاکستان B نظریۂ پاکستان C مصور پاکستان D ترقی پاکستان

**.8 نظریۂ پاکستان کی بنیاد ہے:**

A اجتماعی نظام B دوقومی نظریہ C ترقی پسندیت D اسلامی نظریۂ حیات

**.9 دوقومی نظریہ سے مراد برصغیر پاک و ہند میں بڑی قومیں آباد ہیں:**

A 2 B 3 C 4 D 5

**10۔ مسلمانوں کا یہ شعور تھا کہ وہ اسلامی نظریۂ حیات کی بنیاد پر دوسری اقوام سے ہیں:**

A مختلف B کم تر C برتر D ابتر

**11۔ نظریۂ پاکستان کی بنیاد رکھی گئی:**

A اسلام پر B بدھ مت پر C یہودیت پر D عیسائیت پر

**12۔ پاکستان کا قیام ایک ______ کے تحت عمل میں آیا۔**

A عقیدے B فکر C فلسفے D نظریے

**13۔ نظریۂ پاکستان کے بغیر پاکستان کے قیام کا نہیں کیا جا سکتا:**

A خیال B اندیشہ C تصور D یقین

محکمہ تعلیم کی نئی امتحانی تکنیکس کی بنیاد پر ٹاپ پک وائز تیار کیے گئے مختصر سوالات (Knowledge, Understanding, Application, Analytical & Conceptual)

**.1۔ نظریۂ پاکستان کی بنیاد کیا ہے؟**

**جواب:** نظریۂ پاکستان کی بنیاد اسلامی نظریۂ حیات ہے۔

**.2۔ نظریۂ پاکستان کا مفہوم بیان کریں۔**

**جواب:** اسلامی نظریۂ حیات نظریۂ پاکستان کی بنیاد ہے۔ نظریۂ پاکستان سے مراد برصغیر جنوبی ایشیا کے تاریخی حوالے سے مسلمانوں کا یہ شعور تھا کہ وہ اسلامی نظریۂ حیات کی بنیاد پر دوسری اقوام سے مختلف ہیں۔

**.3۔ نظریۂ پاکستان کے متعلق قائداعظم رحمتہ اللہ علیہ نے کیا فرمایا تھا؟**

**جواب:** ایک موقع پر قائداعظم محمد علی جناحؒ نے فرمایا تھا کہ پاکستان تو اسی روز وجود میں آ گیا تھا جب برصغیر کا پہلا ہندو مسلمان ہوا تھا۔ ''نظریہ'' کی تعریف کی روشنی میں ''نظریۂ پاکستان'' وہ لائحہ عمل تھا جس کی بنیاد ایک خاص نظریہ یعنی ''اسلام'' پر رکھی گئی تھی۔ جس کو واضح کرنے کا مقصد اسلام کو ایک تہذیبی، ثقافتی، تمدنی، سیاسی اور معاشی نظام کے طور پر نافذ کرنا تھا۔

**4۔ نظریۂ پاکستان کی حیثیت بیان کریں۔**

**جواب:** نظریۂ پاکستان کی حیثیت پاکستان کے وجود میں روح کی طرح ہے جس کے بغیر پاکستان کے قیام کا کوئی تصور نہیں کیا جا سکتا۔ تحریک پاکستان کے دوران مسلمانانِ ہند نے شعوری طور پر ایک نظریے کے تحت آزاد مسلمان مملکت کے قیام کی جدوجہد کی۔

**5۔ نظریۂ پاکستان کی تین تعریفیں بیان کریں۔**

**جواب:** **نظریۂ پاکستان کی تعریفیں:** ذیل میں نظریۂ پاکستان کی تعریفیں پیش کی گئی ہیں:

i. نظریۂ پاکستان سے مراد ایک الگ خطۂ زمین کا حصول ہے جس میں مسلمانانِ برصغیر قرآن وسنت کی روشنی میں اسلامی قدروں اور نظریات کو محفوظ کر سکیں اور اپنی زندگیاں اسلام کے روشن اصولوں کے تحت گزار سکیں۔

ii. تحریک پاکستان اور تعمیر پاکستان کے مجموعی تصور کو نظریۂ پاکستان کہتے ہیں۔

iii. نظریۂ پاکستان وہ نظریاتی بنیاد ہے جس کے تحت برصغیر کے مسلمانوں نے اپنی شناخت، حقوق، علیحدہ وطن اور قومی فلاح و بہبود کے لیے جدوجہد کی۔

## نظریہ پاکستان کے ماخذ

**محکمہ تعلیم کی نئی امتحانی تکنیکس کی بنیاد پر ٹاپ کپ وائز تیار کیے گئے کثیرالانتخابی سوالات (Knowledge, Understanding, Application, Analytical & Conceptual)**

**14۔ برہمو سماج کا بانی تھا:**

A رام موہن　B دیانند سرسوتی　C گاندھی　D ابی نند دیلی

**15۔ ہندوؤں نے سرکاری زبان کا درجہ دلوانے کی کوشش کی:**

A اُردو کو　B ہندی کو　C پنجابی کو　D کشمیری کو

**16۔ جنگ آزادی لڑی گئی:**

A 1857ء میں　B 1858ء میں　C 1859ء میں　D 1860ء میں

**17۔ جنگ آزادی کے بعد مسلمانوں کے ساتھ سخت رویہ ہوتا چلا گیا:**

A ہندوؤں کا　B عیسائیوں کا　C یہودیوں کا　D انگریزوں کا

**18۔ انگریزوں کے ہندوستان پر قبضے کے وقت اُردو زبان کو حیثیت حاصل تھی:**

A صوبائی　B بین الاقوامی　C سرکاری　D ثانوی

**19۔ سیاہ رنگت کے لوگوں نے مساوی حقوق کے لیے جدوجہد کی:**

A پاکستان میں　B افغانستان میں　C امریکہ میں　D فرانس میں

**20۔ نظریۂ پاکستان کے پس پردہ شامل عناصر ہیں:**

A 4　B 5　C 6　D 7

**21۔ سر سید احمد خاں نے کہا: ہندو اور مسلمان دو الگ الگ قومیں ہیں:**

A 1857ء میں　B 1860ء میں　C 1867ء میں　D 1870ء میں

**22۔ مولانا جمال الدین افغانی نے مسلمانوں کے لیے الگ ریاست کے قیام کی بات کی:**

A 1870ء میں　B 1875ء میں　C 1879ء میں　D 1890ء میں

**محکمہ تعلیم کی نئی امتحانی تکنیکس کی بنیاد پر ٹاپ کپ وائز تیار کیے گئے مختصر سوالات (Knowledge, Understanding, Application, Analytical & Conceptual)**

**1. نظریہ کے ماخذ کتنے ہیں؟ نام تحریر کریں۔**

**جواب:** نظریہ کے پانچ ماخذ ہیں، جن کے نام مندرجہ ذیل ہیں:

i. مشترکہ مذہب ii. مشترکہ سیاسی مقاصد iii. مشترکہ تعلیمی مقاصد iv. مشترکہ معاشی مقاصد v. مشترکہ ثقافتی مقاصد

**2. مشترکہ سیاسی مقاصد سے کیا مراد ہے؟**

**جواب:** **مشترکہ سیاسی مقاصد:** مشترکہ سیاسی مقاصد کی بدولت دنیا کی کئی اقوام نے اپنی آزادی کی جدوجہد کی۔ انگریزوں کی آمد سے برصغیر پاک و ہند میں جمہوریت کا تصور اُبھرا جس میں حکومتی نمائندوں کا انتخاب ووٹ کے ذریعے عمل میں آنا تھا۔ آبادی کے لحاظ سے مسلمان برصغیر پاک و ہند میں اقلیت میں تھے لہٰذا حکومت میں مسلمانوں کا حصہ بھی تھوڑا تھا۔ نئے سیاسی نظام نے جو شعور دیا تھا اس کی وجہ سے مسلمانوں کا تشخص اُبھرنے لگا۔

**3. دو ہندو تحریکوں کے نام لکھیں۔**

**جواب:** i. آریا سماج ii. برہمو سماج

**4. نظریہ پاکستان کی اہمیت دو نکات سے واضح کریں۔**

**جواب:** **نظریہ پاکستان کی اہمیت:**

i. **سوچ کی عکاسی:** نظریہ لوگوں کی سوچ کی عکاسی کرتا ہے۔ اقوام اسی وجہ سے زندہ نظر آتی ہیں۔

ii. **قومی حقوق وفرائض کی وضاحت:** نظریہ انسان کے ایک دوسرے کے ساتھ قومی حقوق وفرائض کی وضاحت کرتا ہے۔

**5. نظریۂ پاکستان کی تعریف کریں۔**

**جواب:** نظریۂ پاکستان سے مراد ایک الگ خطۂ زمین کا حصول ہے جس میں مسلمانانِ برصغیر قرآن وسنت کی روشنی میں اسلامی قدروں اور نظریات کو محفوظ کر سکیں اور اپنی زندگیاں اسلام کے روشن اصولوں کے تحت گزار سکیں۔

**6. نوجوان نسل کو کس نظریہ سے آگاہی ضروری ہے؟**

**جواب:** نوجوان نسل کو نظریۂ پاکستان اور قیام پاکستان کے مقصد سے پوری طرح آگاہ رکھنے کی ضرورت ہے۔ جذباتی رشتے اور محبت کو جاری رکھنے کے لیے ضروری ہے کہ آج کی پاکستانی قوم کو نظریۂ پاکستان سے پوری طرح آگاہی دی جائے۔

## نظریۂ پاکستان کے عناصر

**محکمہ تعلیم کی نئی امتحانی تکنیکس کی بنیاد پر ٹاپ وائز تیار کیے گئے کثیر الانتخابی سوالات (Knowledge, Understanding, Application, Analytical & Conceptual)**

**23۔ نظریۂ پاکستان کے عناصر ہیں:**

A 5 B 6 C 7 D 8

**24۔ اسلام کا پہلا رکن ہے:**

A توحید و رسالت B نماز C حج D زکوٰۃ

**25۔ اسلام کا دوسرا رکن ہے:**

A توحید B رسالت C حج D نماز

**26۔ اسلام کا تیسرا رکن ہے:**

A حج B نماز C زکوٰۃ D روزہ

**27۔ زکوٰۃ عبادت ہے:**

A مالی B بدنی C جسمانی D فرضی

**28۔ اسلام کا چوتھا رکن ہے:**

A کلمہ B نماز C روزہ D حج

**29۔ حج کے موقع پر مسلمان کثرت سے پڑھتے ہیں:**

A اَللّٰہُ اَکْبَر B سُبْحَانَ اللّٰہ C اَسْتَغْفِرُاللّٰہ D اَللّٰھُمَّ لَبَّیْکَ

30۔ اسلامی معاشرہ ایسی اخوت و بھائی چارے اور مساوات کا تقاضا کرتا ہے، جو نظر آئی تھی:

A میثاق مدینہ میں　B مواخاتِ مدینہ میں　C غزوۂ تبوک میں　D غزوۂ اُحد میں

31۔ فضیلت کا معیار ہے:

A دولت　B شہرت　C تعلقات　D تقویٰ

محکمہ تعلیم کی نئی امتحانی تکنیکس کی بنیاد پر ٹاپ وائز تیار کیے گئے مختصر سوالات (Knowledge, Understanding, Application, Analytical & Conceptual)

**1. نظریۂ پاکستان کے عناصر کون کون سے ہیں؟**

**جواب:** **نظریۂ پاکستان کے عناصر:** عقائد، عبادات، قانون کی حکمرانی، اخوت و مساوات اور عدل و انصاف ہیں۔

**2. عقائد سے کیا مراد ہے؟**

**جواب:** عقائد سے مراد توحید، رسالت، آخرت، ملائکہ اور الہامی کتابوں پر ایمان لانا ہے۔ عقائد کے مجموعے کو ایمان کہتے ہیں۔

**3. عقیدۂ توحید سے کیا مراد ہے؟**

**جواب:** عقیدۂ توحید سے مراد یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ ساری کائنات کا خالق اور مالک ہے۔ وہ واحد اور یکتا ہے۔ اس کا کوئی شریک نہیں اور نہ ہی کوئی چیز اس کے علم سے باہر ہے۔

**4. ترجمہ لکھیں۔ اِنَّ اللّٰہَ عَلٰی کُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ**

**جواب:** ترجمہ: بے شک اللہ تعالیٰ ہر چیز پر قادر ہے۔

**5. عقیدۂ رسالت کے متعلق آپ کیا جانتے ہیں؟**

**جواب:** عقیدہ رسالت کا مطلب تمام رسولوں پر ایمان لانا ہے۔ دائرہ اسلام میں آنے کے لیے لازم ہے کہ رسالت کو دل و جان سے تسلیم کیا جائے اور کسی اعتبار سے بھی اس میں شک و شبہ نہ کیا جائے۔ قرآن مجید اور اسوہ رسول خاتَمُ النَّبِیّٖن ﷺ کو سرچشمہ ہدایت ماننا اور حضرت محمد رَسُوْلُ اللّٰہِ خاتَمُ النَّبِیّٖن ﷺ کو اللہ تعالیٰ کا آخری رسول اور آخری نبی ماننا اور یہ ایمان رکھنا کہ حضرت محمد رَسُوْلُ اللّٰہِ خاتَمُ النَّبِیّٖن ﷺ کے بعد کوئی نبی نہیں آئے گا، عقیدہ رسالت کا لازمی جزو ہے اور جو اس کا انکار کرے وہ مسلمان نہیں ہو سکتا۔

**6. ارکان اسلام کتنے اور کون کون سے ہیں؟**

**جواب:** ارکان اسلام پانچ ہیں، جو کہ درج ذیل ہیں: i. توحید و رسالت ii. نماز iii. زکوٰۃ iv. روزہ v. حج۔

**7. زکوٰۃ پر مختصر نوٹ لکھیں۔**

**جواب:** **زکوٰۃ:** اسلام کا تیسرا رکن زکوٰۃ ہے۔ زکوٰۃ مالی عبادت ہے اور اسلام کے معاشی نظام کی مضبوطی کا ذریعہ ہے۔ زکوٰۃ کے نظام کی وجہ سے دولت چند ہاتھوں میں اکٹھی ہونے کے بجائے گردش میں رہتی ہے اور معاشرے کے غریب طبقے تک بھی پہنچ جاتی ہے۔

**8. حج پر مختصر نوٹ لکھیں۔**

**جواب:** **حج:** حج اسلام کا پانچواں رکن ہے جو صاحبِ استطاعت لوگوں پر فرض ہے۔ حج کے موقع پر اَللّٰھُمَّ لَبَّیْكَ کی پکار مسلمانوں کے اتحاد اور بھائی چارے کی ایسی مثال ہے جو دنیا میں کہیں نظر نہیں آتی۔

## دو قومی نظریہ: ابتدا اور ارتقا کی وضاحت

محکمہ تعلیم کی نئی امتحانی تکنیکس کی بنیاد پر ٹاپ وائز تیار کیے گئے کثیر الانتخابی سوالات (Knowledge, Understanding, Application, Analytical & Conceptual)

32۔ قطب الدین ایبک نے سلطنت دہلی کی بنیاد رکھی:

A 1206ء میں　B 1207ء میں　C 1208ء میں　D 1209ء میں

33۔ ہندوستان پر مسلمانوں کا دورِ حکومت رہا:

A 1820ء تک B 1822ء تک C 1824ء تک D 1857ء تک

34۔ سلطنت دہلی کی بنیاد رکھی:

A قطب الدین ایبک نے B بہادر شاہ ظفر نے C محمد بن قاسم نے D صلاح الدین ایوبی نے

35۔ سب سے پہلے دو قومی نظریے کی اصطلاح استعمال کی:

A سر سید احمد خاں نے B قائداعظمؒ نے C علامہ اقبالؒ نے D چودھری رحمت علی نے

36۔ اُردو ہندی تنازع شروع ہوا:

A 1865ء میں B 1867ء میں C 1869ء میں D 1870ء میں

37۔ سر سید احمد خاں نے مسلمانوں کو کانگریس میں شمولیت سے منع کیا:

A 1885ء میں B 1886ء میں C 1887ء میں D 1889ء میں

38۔ سر سید احمد خاں پیدا ہوئے:

A 1815ء میں B 1816ء میں C 1817ء میں D 1818ء میں

39۔ چودھری رحمت علی اسلامیہ کالج لاہور میں طالب علم تھے:

A کند ذہن B نامور C غریب D ہوشیار

**محکمہ تعلیم کی نئی امتحانی تکنیکس کی بنیاد پر ٹاپک وائز تیار کیے گئے مختصر سوالات (Knowledge, Understanding, Application, Analytical & Conceptual)**

**1. دو قومی نظریہ سے کیا مراد ہے؟**

**جواب:** دو قومی نظریہ سے مراد یہ ہے کہ برصغیر پاک و ہند میں دو بڑی قومیں ہندو اور مسلمان آباد ہیں۔ یہ دونوں قومیں صدیوں تک ایک دوسرے کے ساتھ رہنے کے باوجود آپس میں گھل مل نہ سکیں۔

**2. دو قومی نظریہ کا نصب العین کیا تھا؟**

**جواب:** دو قومی نظریہ کا نصب العین یہ تھا کہ اسلام کے قومی تصور کی بنیاد پر ہندوستان میں مسلمانوں کی ایک ایسی آزاد ریاست قائم کی جائے جس میں رہتے ہوئے وہ اپنی انفرادی اور اجتماعی زندگی اسلامی اصولوں کے مطابق گزار سکیں۔

**3. اُردو ہندی تنازع کب اور کہاں شروع ہوا؟**

**جواب:** اُردو ہندی تنازع 1867ء میں بنارس میں شروع ہوا۔

**4. اُردو ہندی تنازع کے موقع پر سر سید احمد خاں نے کیا واضح اعلان کیا؟**

**جواب:** سر سید احمد خاں نے 1867ء میں بنارس میں اُردو، ہندی تنازع کے موقع پر واضح اعلان کیا کہ مسلمان اور ہندو الگ الگ قومیں ہیں۔

**5. سر سید احمد خاں کی تاریخ پیدائش اور وفات تحریر کریں۔**

**جواب:** سر سید احمد خان 1817ء میں پیدا ہوئے اور 1898ء میں وفات پائی۔

## ہندوستان میں مسلمانوں کی معاشی محرومی

**محکمہ تعلیم کی نئی امتحانی تکنیکس کی بنیاد پر ٹاپک وائز تیار کیے گئے کثیر الانتخابی سوالات (Knowledge, Understanding, Application, Analytical & Conceptual)**

40۔ انگریزوں نے ایسٹ انڈیا کمپنی قائم کی:

A 1600ء میں B 1602ء میں C 1604ء میں D 1606ء میں

41۔ انگریزوں نے ________ معمولی عہدوں سے ترقی دے کر اعلیٰ عہدوں تک پہنچادیا۔

A مسلمانوں کو B ہندوؤں کو C سکھوں کو D عیسائیوں کو

42۔ بنگال سے ریشم اور سُوت کے کاریگر چلے گئے:

A دوسرے ملکوں میں B دوسرے اضلاع میں C دوسرے صوبوں میں D دوسرے شہروں میں

43۔ ایسٹ انڈیا کمپنی کے نئے ٹیکسوں کے باعث کسانوں پر شرح بڑھ گئی:

A عشر کی B زکوٰۃ کی C محصول کی D صدقہ کی

محکمہ تعلیم کی نئی امتحانی تکنیکس کی بنیاد پر ٹاپ وائز تیار کیے گئے مختصر سوالات (Knowledge, Understanding, Application, Analytical & Conceptual)

1- ہندوستان میں ایسٹ انڈیا کمپنی قائم کرنے کا مقصد کیا تھا؟

جواب: ہندوستان میں ایسٹ انڈیا کمپنی قائم کرنے کا مقصد یہ تھا کہ ہندوستان میں ایسی معاشی پالیسیاں بنائی جائیں جن کا زیادہ سے زیادہ مالی فائدہ انگریزوں کو ہو۔

2. ایسٹ انڈیا کمپنی کے مسلمانوں پر کوئی سے دو اثرات تحریر کریں۔

جواب: (i) انگریزوں نے مسلمانوں کی زمینیں چھین کر دوسری اقوام کو دے دیں۔

(ii) مسلمانوں کو سرکاری ملازمتوں سے نکال دیا اور اُن پر آئندہ کے لیے سرکاری ملازمت کا حصول مشکل بنا دیا گیا۔

3. ہندوستان میں مسلمانوں کی معاشی حالت دو نکات سے واضح کریں۔

جواب: ہندوستان میں مسلمانوں کی معاشی حالت:

i. انگریزوں نے اپنی صنعت وتجارت کے تحفظ کے لیے ہندوستان کے عوام پر بھاری ٹیکس لگائے، جن سے مسلمان متاثر ہوئے۔

ii. انگریزوں نے مسلمانوں کو ان تمام عہدوں سے ہٹا دیا جو ان کے آباواجداد کے دور سے ان کے پاس چلے آرہے تھے۔ مسلمانوں کو نئے عہدوں سے بھی محروم رکھا گیا۔ اس طرح مسلمان معاشی طور پر بدحالی کا شکار ہو گئے۔

4. انگریز دورِ حکومت میں بنگال کے حالات کیسے تھے؟ دو نکات سے واضح کریں۔

جواب: انگریزوں کے دور میں بنگال میں امن وامان کی خرابی کے باعث زراعت نہ ہونے سے اجناس کی قلت ہوگئی۔ ان علاقوں میں موجود تمام زرعی اور صنعتی ذرائع ناپید ہو گئے۔

5. ایسٹ انڈیا کمپنی نے برصغیر کی زراعت کو کیسے متاثر کیا؟

جواب: ایسٹ انڈیا کمپنی کے نئے ٹیکسوں کے باعث کسانوں پر محصول (ٹیکس) کی شرح بڑھ گئی۔ اس طرح انگریزوں کے ہاتھوں مقامی زراعت کو سخت نقصان پہنچا۔

## نظریۂ پاکستان اور علامہ محمد اقبالؒ

محکمہ تعلیم کی نئی امتحانی تکنیکس کی بنیاد پر ٹاپ وائز تیار کیے گئے کثیر الانتخابی سوالات (Knowledge, Understanding, Application, Analytical & Conceptual)

44۔ علامہ محمد اقبالؒ نے مسلمانوں کو بیدار کیا:

A خطبات کے ذریعے B شاعری کے ذریعے C خطوط کے ذریعے D تصانیف کے ذریعے

45۔ علامہ محمد اقبالؒ نے اسلام کی فلاح و بہبود کے خیال سے اسلامی ریاست کے قیام کا مطالبہ کیا:

A ہندوستان میں B ایران میں C شام میں D افغانستان میں

محکمہ تعلیم کی نئی امتحانی تکنیکس کی بنیاد پر ٹاپ وائز تیار کیے گئے مختصر سوالات (Knowledge, Understanding, Application, Analytical & Conceptual)

1. علامہ محمد اقبالؒ نے مسلمانوں کے لیے الگ ریاست کا مطالبہ کیوں کیا؟

جواب: ہندوؤں کی تنگ نظری نے علامہ محمد اقبالؒ کو اس بات پر سوچنے پر مجبور کر دیا کہ وہ الگ وطن کا مطالبہ کریں۔ آپ نے خطبہ الٰہ آباد

1930ء کے ذریعے مسلمانوں کے لیے الگ ریاست کا مطالبہ کیا تا کہ مسلمان اِس میں رہ کر اپنے مذہب اور ثقافت کے مطابق زندگی گزار سکیں۔

**2. علامہ محمد اقبالؒ نے مسلمانوں کے لیے الگ ریاست کا مطالبہ کب اور کہاں پیش کیا؟**

**جواب:** علامہ محمد اقبالؒ نے خطبہ الٰہ آباد 1930ء کے ذریعے مسلمانوں کے لیے ایک الگ ریاست کا مطالبہ کیا تا کہ مسلمان اس میں رہ کر اپنے مذہب اور ثقافت کے مطابق زندگی گزار سکیں۔

**3. علامہ محمد اقبالؒ نے اپنے مشہور خطبہ الٰہ آباد میں کیا فرمایا؟**

**جواب:** علامہ محمد اقبالؒ نے اپنے مشہور خطبہ الٰہ آباد میں فرمایا: ''مجھے ایسا نظر آتا ہے کہ اور نہیں تو شمال مغربی ہندوستان کے مسلمانوں کو بالآخر ایک اسلامی ریاست قائم کرنا پڑے گی۔ اگر ہم چاہتے ہیں کہ اس ملک میں اسلام بحیثیت تمدنی قوت زندہ رہے تو اس کے لیے ضروری ہے کہ وہ ایک مخصوص علاقے میں اپنی مرکزیت قائم کرے۔ میں صرف ہندوستان میں اسلام کی فلاح و بہبود کے خیال سے ایک منظّم اسلامی ریاست کے قیام کا مطالبہ کر رہا ہوں۔''

## نظریۂ پاکستان اور قائداعظمؒ

**محکمہ تعلیم کی نئی امتحانی تکنیکس کی بنیاد پرٹاپ وائز تیار کیے گئے کثیرالانتخابی سوالات (Knowledge, Understanding, Application, Analytical & Conceptual)**

**46۔ قومیت کی جو بھی تعریف کی جائے، اس تعریف کی رو سے الگ قوم ہیں:**

A سکھ B ہندو C عیسائی D مسلمان

**47۔ ہندو اور مسلمان علیحدہ مذاہب سے تعلق رکھتے ہیں:**

A دو B چار C چھے D آٹھ

**48۔ ہمارا فرض ہے کہ ہم زندگی گزاریں:**

A پاکستانی بن کر B ہندوستانی بن کر C ایرانی بن کر D افغانی بن کر

**49۔ قائداعظمؒ نے حکومتِ پاکستان کے افسران سے خطاب کیا:**

A 10 اکتوبر 1947ء کو B 11 اکتوبر 1947ء کو C 12 اکتوبر 1947ء کو D 13 اکتوبر 1947ء کو

**محکمہ تعلیم کی نئی امتحانی تکنیکس کی بنیاد پرٹاپ وائز تیار کیے گئے مختصر سوالات (Knowledge, Understanding, Application, Analytical & Conceptual)**

**1- قائداعظم محمد علی جناحؒ نے اقلیتوں کے حقوق کے بارے میں کیا فرمایا؟**

**جواب:** قائداعظم محمد علی جناحؒ نے اقلیتوں کے حقوق کے بارے میں فرمایا تھا کہ ''آپ عبادت کے لیے اپنی مخصوص عبادت گاہوں میں جانے کے لیے آزاد ہیں۔ آپ کا تعلق چاہے کسی عقیدے سے ہو، ریاست کا اس سے کوئی تعلق نہیں۔ پاکستان کے تمام شہری مساوی ہیں اور انھیں مساوی حقوق حاصل ہیں۔

**2- 29 دسمبر 1940ء کو احمد آباد میں خطاب کرتے ہوئے قائداعظم رحمتہ اللہ علیہ نے کیا فرمایا؟**

**جواب:** 29 دسمبر 1940ء کو احمد آباد میں خطاب کرتے ہوئے قائداعظمؒ نے فرمایا: ''پاکستان صدیوں سے موجود رہا ہے، شمال مغرب مسلمانوں کا وطن رہا ہے، ان علاقوں میں مسلمانوں کی آزاد ریاستیں قائم ہونی چاہییں تا کہ وہ اسلامی شریعت کے مطابق اپنی زندگی بسر کریں۔''

**3. قائداعظمؒ نے قومیت کی وضاحت کن الفاظ میں کی؟**

**جواب:** قائداعظم محمد علی جناحؒ ہر لحاظ سے مسلمانوں کو الگ قوم کا درجہ دیتے تھے۔ آپ نے اِس سلسلہ میں فرمایا'' قومیت کی جو بھی تعریف کی جائے مسلمان اس تعریف کی رو سے الگ قوم ہیں۔ وہ اس بات کا حق رکھتے ہیں کہ اپنی الگ مملکت قائم کریں۔ مسلمانوں کی یہ خواہش ہے کہ وہ اپنی روحانی، اخلاقی، تمدنی، اقتصادی، معاشرتی اور سیاسی زندگی کی مکمل نشوونما کریں اور اس مقصد کے لیے جو طریقہ اپنانا چاہیں وہ اپنائیں۔''

**4. برصغیر کے تاریخی پس منظر میں قائداعظمؒ کا مقام و مرتبہ تحریر کریں۔**

**جواب:** تاریخ میں کچھ ایسی شخصیات ملتی ہیں جنھوں نے اقوام کی تقدیر کو ہی بدل کر رکھ دیا۔ قائداعظم محمد علی جناحؒ برصغیر کی ان شخصیات میں سے ایک ہیں جنھوں نے برصغیر کے مسلمانوں کی تقدیر کو بدل کر رکھ دیا۔

**5. قائداعظمؒ نے 11 اکتوبر 1947ء کو حکومت پاکستان کے افسران سے خطاب کرتے ہوئے کیا فرمایا؟**

**جواب:** قائداعظمؒ نے 11 اکتوبر 1947ء کو حکومت پاکستان کے افسران سے خطاب کرتے ہوئے فرمایا: ''ہمارا نصب العین یہ ہے کہ ہم ایک ایسی مملکت تخلیق کریں جہاں ہم آزاد انسانوں کی طرح رہ سکیں، جو ہماری تہذیب و تمدن کی روشنی میں پھلے پھولے اور جہاں اسلام کے معاشرتی انصاف کے اصولوں کو ابھارنے کا موقع ملے۔''

## جوابات

| | | | | | | | | | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| A | .10 | A | .9 | D | .8 | B | .7 | C | .6 | D | .5 | C | .4 | A | .3 | B | .2 | A | .1 |
| C | .20 | C | .19 | C | .18 | D | .17 | A | .16 | B | .15 | A | .14 | C | .13 | D | .12 | A | .11 |
| B | .30 | D | .29 | C | .28 | A | .27 | C | .26 | D | .25 | A | .24 | A | .23 | C | .22 | C | .21 |
| A | .40 | B | .39 | C | .38 | A | .37 | B | .36 | A | .35 | A | .34 | D | .33 | A | .32 | D | .31 |
| | | B | .49 | A | .48 | A | .47 | D | .46 | A | .45 | B | .44 | C | .43 | D | .42 | B | .41 |

## مشق

**سوال نمبر1:** ہر سوال کے چار جوابات دیے گئے ہیں درست جواب پر (✓) کا نشان لگائیں۔

**(i) کانگریسی وزارتوں کا دور رہا:**

(الف) 1933-35ء (ب) 1937-39ء (ج) 1939-41ء (د) 1941-43ء

**(ii) قرارداد لاہور 1940ء میں خطبہ صدارت دیا:**

(الف) مولانا ظفر علی خان نے (ب) قائداعظم محمد علی جناحؒ نے

(ج) لیاقت علی خان نے (د) شیر بنگال مولوی فضل الحق نے

**(iii) ایم۔اے۔او سکول اور کالج قائم کیا:**

(الف) سرسید احمد خاں نے (ب) چودھری رحمت علی نے (ج) قاضی عیسیٰ نے (د) مولوی فضل الحق نے

**(iv) 1867ء میں جب بنارس میں ہندوؤں کی مسلم دشمنی کھل کر سامنے آگئی تو سرسید احمد خاں نے واضح اعلان کیا کہ:**

(الف) مسلمان اور ہندو الگ الگ قومیں ہیں (ب) مسلمان سیاست سے الگ رہیں

(ج) ہندو ہمارے دوست نہیں ہیں (د) مسلمان انگریزی تعلیم حاصل کریں

**(v) نظریۂ پاکستان کی بنیاد ہے:**

(الف) اجتماعی نظام (ب) دوقومی نظریہ (ج) ترقی پسندیت (د) اسلامی نظریۂ حیات

**(vi) 1930ء میں مسلمانوں کو الگ ریاست کا تصور دینے والی شخصیت ہے:**

(الف) قائداعظمؒ (ب) علامہ محمد اقبالؒ (ج) سرسید احمد خاں (د) مولانا محمد علی جوہر

**(vii) ''قومیت کی جو بھی تعریف کی جائے مسلمان اس تعریف کی رو سے الگ قوم ہیں۔'' یہ فرمان ہے:**

(الف) قائداعظمؒ کا (ب) علامہ محمد اقبالؒ کا (ج) سرسید احمد خاں کا (د) چودھری رحمت علی کا

AL-RAZI PUBLICATIONS

# جوابات

| (i) | (ب) | (ii) | (ب) | (iii) | (الف) | (iv) | (الف) | (v) | (د) |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| (vi) | (ب) | (vii) | (الف) | | | | | | |

سوال2. مختصر جوابات دیں۔

**(i) قائداعظمؒ نے یکم جولائی 1948ء کو سٹیٹ بینک کا افتتاح کرتے ہوئے کیا فرمایا؟**

**جواب:** قائداعظمؒ نے یکم جولائی 1948ء کو سٹیٹ بینک کا افتتاح کرتے ہوئے فرمایا: ''مغرب کا معاشی نظام انسانیت کے لیے ناقابل حل مسائل پیدا کر رہا ہے اور یہ لوگوں کے درمیان انصاف قائم کرنے میں ناکام رہا ہے۔ ہمیں دنیا کے سامنے ایک ایسا معاشی نظام پیش کرنا چاہیے جو اسلام کے صحیح تصور مساوات اور سماجی انصاف کے اصولوں پر مبنی ہو۔''

**(ii) نظریہ کے چار ماخذ لکھیے۔**

**جواب:** نظریہ کے چار ماخذ درج ذیل ہیں:

(1) مشترکہ مذہب (2) مشترکہ سیاسی مقاصد (3) مشترکہ معاشی مقاصد (4) مشترکہ ثقافتی مقاصد

**(iii) دوقومی نظریہ سے کیا مراد ہے؟**

**جواب:** دوقومی نظریہ سے مراد یہ ہے کہ برصغیر پاک و ہند میں دو بڑی قومیں ہندو اور مسلمان آباد ہیں۔ یہ دونوں قومیں صدیوں تک ایک دوسرے کے ساتھ رہنے کے باوجود آپس میں گھل مل نہ سکیں۔

**(iv) برصغیر میں دوقومی نظریے کی ابتدا کب ہوئی؟**

**جواب:** برصغیر میں دوقومی نظریہ کی ابتدا مسلمانوں کی آمد اور محمد بن قاسم کی فتح سندھ سے ہوئی۔

**(v) نظریۂ پاکستان کی تعریف کریں۔**

**جواب:** نظریۂ پاکستان سے مراد ایک الگ خطۂ زمین کا حصول ہے جس میں مسلمانانِ برصغیر قرآن وسنت کی روشنی میں اسلامی قدروں اور نظریات کو محفوظ کر سکیں اور اپنی زندگیاں اسلام کے روشن اصولوں کے تحت گزار سکیں۔

**(vi) عقیدۂ رسالت کی تعریف کریں۔**

**جواب:** عقیدۂ رسالت کا مطلب تمام رسولوں پر ایمان لانا ہے۔ دائرہ اسلام میں آنے کے لیے لازم ہے کہ رسالت کو دل وجان سے تسلیم کیا جائے اور کسی اعتبار سے بھی اس میں شک وشبہ نہ کیا جائے۔ قرآن مجید اور اسوہ رسول خَاتَمُ النَّبِیّٖن ﷺ کو سرچشمہ ہدایت ماننا اور حضرت محمد رَسُوْلُ اللّٰہِ خَاتَمُ النَّبِیّٖن ﷺ کو اللہ تعالیٰ کا آخری رسول اور آخری نبی ماننا اور یہ ایمان رکھنا کہ حضرت محمد رَسُوْلُ اللّٰہِ خَاتَمُ النَّبِیّٖن ﷺ کے بعد کوئی نبی نہیں آئے گا، عقیدہ رسالت کا لازمی جزو ہے اور جو اس کا انکار کرے وہ مسلمان نہیں ہوسکتا۔

**(vii) نظریۂ پاکستان کے عناصر میں عقائد سے کیا مراد ہے؟**

**جواب:** نظریۂ پاکستان کی بنیاد اسلامی نظریۂ حیات پر رکھی گئی ہے۔ عقائد میں توحید، رسالت، آخرت، ملائکہ اور الہامی کتابوں پر ایمان لانا شامل ہے۔ عقائد کے مجموعے کو ایمان کہتے ہیں۔

**(viii) ہندوستان میں ایسٹ انڈیا کمپنی قائم کرنے کا مقصد کیا تھا؟**

**جواب:** ہندوستان میں ایسٹ انڈیا کمپنی قائم کرنے کا مقصد یہ تھا کہ ہندوستان میں ایسی معاشی پالیسیاں بنائی جائیں جن کا زیادہ سے زیادہ مالی فائدہ انگریزوں کو ہو۔

**(ix) ''اب یا پھر کبھی نہیں'' (Now OR Never) کے عنوان سے شہرۂ آفاق کتابچہ کب اور کس نے جاری کیا؟**

**جواب:** چودھری رحمت علی نے 28 جنوری 1933ء کو ''اب یا پھر کبھی نہیں'' (Now OR Never) کے عنوان سے چار صفحات پر مشتمل مشہور کتابچہ جاری کیا، جو تحریک پاکستان کے لیے مضبوط دیوار ثابت ہوا اور برصغیر کے مسلمانوں کے ساتھ ساتھ دیگر قومیں بھی لفظ ''پاکستان'' سے آشنا ہوئیں۔

**(x) قائداعظم رحمتہ اللہ علیہ نے اقلیتوں کے بارے میں کیا فرمایا؟**

**جواب:** قائداعظم رحمتہ اللہ علیہ نے اقلیتوں کے بارے میں فرمایا: آپ آزاد ہیں، آپ اپنے مندروں میں جانے کے لیے آزاد ہیں، آپ اپنی مساجد اور ریاستِ پاکستان میں اپنی کسی بھی عبادت گاہ میں جانے کے لیے آزاد ہیں۔ آپ کا تعلق کسی بھی مذہب، ذات یا نسل سے ہو، اس کا ریاست کے معاملات سے ہرگز کوئی واسطہ نہیں۔ پاکستان کے تمام شہری مساوی ہیں اور انھیں مساوی حقوق حاصل ہوں گے۔

**سوال 3. درج ذیل سوالات کے تفصیل سے جوابات دیں۔**

**(i) نظریہ کی اہمیت واضح کریں اور نظریۂ پاکستان کا مفہوم بیان کریں۔**

**جواب: (الف) نظریہ کی اہمیت:** نظریہ کی اہمیت درج ذیل نکات سے واضح ہوتی ہے:

i. **اقوام کی حیات:** نظریہ لوگوں کی سوچ کی عکاسی کرتا ہے۔ اقوام اسی وجہ سے زندہ نظر آتی ہیں۔

ii. **قومی حقوق وفرائض کی وضاحت:** نظریہ انسان کے ایک دوسرے کے ساتھ قومی حقوق وفرائض کی وضاحت کرتا ہے۔

iii. **اتحادِ قوم کا مددگار:** نظریہ قوم کو متحد رکھنے میں مددگار ثابت ہوتا ہے۔

iv. **حصول مقاصد کی طاقت:** نظریہ مقاصد کے حصول کے لیے ہر قسم کی مشکلات کا مقابلہ کرنے کی طاقت بخشتا ہے۔

v. **حصول مقاصد کے لیے جدوجہد کا جذبہ:** نظریہ مقاصد کے حصول کے لیے جدوجہد کا جذبہ پیدا کرتا ہے اور مقصد کے حصول کو یقینی بناتا ہے۔ نظریہ انقلاب کو جنم دیتا ہے اور اس کی وجہ سے نئی راہیں نکلتی ہیں۔

**نظریہ کے وجود کے اسباب:** نظریہ کے وجود کے اسباب درج ذیل ہیں:

(i) کوئی بھی نظریہ فوراً وجود میں نہیں آتا بلکہ اس کے پیچھے کچھ واقعات کام کر رہے ہوتے ہیں۔

(ii) عام طور پر نظریہ معاشرے کے پسماندہ لوگوں میں محرومی کو ختم کرنے کے لیے وجود میں آتا ہے۔

(iii) اسے یوں بھی کہہ سکتے ہیں کہ مشکل حالات اور سماجی دباؤ نظریے کو جنم دیتے ہیں اور معاشرے میں مشکلات کے شکار لوگ اس کی طاقت بنتے ہیں۔

**مثالیں:**

**مثال 1:** جس طرح امریکا اور جنوبی افریقہ میں سیاہ رنگت کے لوگوں نے مساوی حقوق کے حصول کے لیے جدوجہد شروع کی تو ان کا نظریہ مساوی حقوق کے حصول کا تھا۔ ایک لمبے عرصے تک بنیادی انسانی حقوق سے محرومی سے ان میں مساوی حقوق کے حصول کے لیے ایک نظریے نے جنم لیا۔

**مثال 2:** برصغیر پاک وہند کے مسلمانوں نے اپنے سماجی وسیاسی حقوق کے حصول کے لیے جب جدوجہد شروع کی تو اس کی وجہ انگریزوں اور ہندوؤں کا ظالمانہ رویہ تھا جس نے مسلمانوں کے اندر آزادی کی لہر پیدا کی اور مسلمانوں کے لیے علیحدہ وطن کے لیے نظریہ وجود میں آیا۔

**ہر نظریہ کے پس پردہ شامل عناصر:** ہر نظریہ کے پس پردہ درج ذیل عناصر شامل ہوتے ہیں:

i. تاریخ۔ ii. روایات۔ iii. رسم ورواج۔ iv. مزاج۔ v. نفسیات۔ vi. مذہب۔

یہی عناصر کسی بھی نظریے کی اہمیت کو اجاگر کرتے ہیں۔

**(ب) نظریۂ پاکستان کا مفہوم:**

**نظریۂ پاکستان کی بنیاد:** اسلامی نظریۂ حیات نظریۂ پاکستان کی بنیاد ہے۔

**نظریۂ پاکستان کا مفہوم:** نظریۂ پاکستان سے مراد برصغیر جنوبی ایشیا کے تاریخی حوالے سے مسلمانوں کا یہ شعور تھا کہ وہ اسلامی نظریۂ حیات کی بنیاد پر دوسری اقوام سے مختلف ہیں۔

**نظریۂ پاکستان اور قائداعظمؒ:** ایک موقع پر قائداعظم محمد علی جناحؒ نے فرمایا تھا کہ پاکستان تو اسی روز وجود میں آ گیا تھا جب برصغیر کا پہلا ہندو مسلمان ہوا تھا۔ ''نظریہ'' کی تعریف کی روشنی میں ''نظریۂ پاکستان'' وہ لائحہ عمل تھا جس کی بنیاد ایک خاص نظریہ یعنی ''اسلام'' پر رکھی گئی تھی۔ جس کو واضح کرنے کا مقصد اسلام کو ایک تہذیبی، ثقافتی، تمدنی، سیاسی اور معاشی نظام کے طور پر نافذ کرنا تھا۔

**نظریۂ پاکستان کی حیثیت:** پاکستان کا قیام ایک نظریے کے تحت عمل میں آیا، جو نظریۂ پاکستان کہلاتا ہے۔ نظریۂ پاکستان کی حیثیت پاکستان کے وجود میں روح کی طرح ہے جس کے بغیر پاکستان کے قیام کا کوئی تصور نہیں کیا جا سکتا۔ تحریک پاکستان کے دوران مسلمانانِ ہند نے شعوری طور پر ایک نظریے کے تحت آزاد مسلمان مملکت کے قیام کی جدوجہد کی۔

**نظریۂ پاکستان کی تعریفیں:** ذیل میں نظریۂ پاکستان کی تعریفیں پیش کی گئی ہیں:

i. نظریۂ پاکستان سے مراد ایک الگ خطۂ زمین کا حصول ہے جس میں مسلمانانِ برصغیر قرآن وسنت کی روشنی میں اسلامی قدروں اور نظریات کو محفوظ کر سکیں اور اپنی زندگیاں اسلام کے روشن اصولوں کے تحت گزار سکیں۔

ii. تحریک پاکستان اور تعمیر پاکستان کے مجموعی تصور کو نظریۂ پاکستان کہتے ہیں۔

iii. نظریۂ پاکستان وہ نظریاتی بنیاد ہے جس کے تحت برصغیر کے مسلمانوں نے اپنی شناخت، حقوق، علیحدہ وطن اور قومی فلاح و بہبود کے لیے جدوجہد کی۔

(ii) **نظریۂ پاکستان کے عناصر کی تفصیل سے وضاحت کریں۔**

**جواب:** **نظریۂ پاکستان کے عناصر:** نظریۂ پاکستان کی بنیاد اسلامی نظریۂ حیات پر رکھی گئی۔ عقائد، عبادات، قانون کی حکمرانی، اخوت و مساوات اور عدل و انصاف نظریۂ پاکستان کے عناصر ہیں۔ ان عناصر کی تفصیل ذیل میں پیش ہے:

1. **عقائد:** عقائد میں توحید، رسالت، آخرت، ملائکہ اور الہامی کتابوں پر ایمان لانا شامل ہے۔ عقائد کے مجموعے کو ایمان کہتے ہیں۔

**پہلے دو بنیادی عقائد کی وضاحت درج ذیل ہے:**

i. **توحید:** عقیدۂ توحید سے مراد یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ ساری کائنات کا خالق اور مالک ہے۔ وہ واحد اور یکتا ہے۔ اس کا کوئی شریک نہیں اور نہ ہی کوئی چیز اس کے علم سے باہر ہے۔ جیسا کہ ارشاد باری تعالیٰ ہے: اِنَّ اللّٰہَ عَلٰی کُلِّ شَیۡءٍ قَدِیۡرٌ ترجمہ: (بے شک اللہ تعالیٰ ہر چیز پر قادر ہے۔ (سورۃ البقرہ، آیت نمبر 20) یعنی کوئی شے اس کی قدرت سے باہر نہیں۔ ایک اور جگہ ارشاد باری تعالیٰ ہے: اِنِّیۡ جَاعِلٌ فِی الۡاَرۡضِ خَلِیۡفَۃً ترجمہ: میں زمین میں اپنا نائب بنانے والا ہوں۔ (سورۃ البقرۃ، آیت نمبر 30) اس آیت کے مطابق انسان کی حیثیت اللہ تعالیٰ کے نائب کی ہے لہٰذا مسلمانوں پر اللہ تعالیٰ کے احکام پر چلنا ضروری ہے۔ اللہ تعالیٰ کے قادر مطلق ہونے اور انسان کے نائب ہونے کے عقیدے سے خود بخود یہ بات واضح ہو جاتی ہے کہ انسان اپنی طاقت کی حد تک عمل پر قادر ہے لیکن اصل قدرت اللہ تعالیٰ کے ہاتھ میں ہے۔ انسان اپنی طاقت کے مطابق عمل کرے اور نتیجہ اللہ تعالیٰ پر چھوڑ دے۔

ii. **رسالت:** عقیدۂ رسالت کا مطلب تمام رسولوں پر ایمان لانا ہے۔ دائرہ اسلام میں آنے کے لیے لازم ہے کہ رسالت کو دل و جان سے تسلیم کیا جائے اور کسی اعتبار سے بھی اس میں شک وشبہ نہ کیا جائے۔ قرآن مجید اور اسوہ رسول خَاتَمُ النَّبِیّٖنَ ﷺ کو سرچشمۂ ہدایت ماننا اور حضرت محمد رَسُوْلُ اللّٰہِ خَاتَمُ النَّبِیّٖنَ ﷺ کو اللہ تعالیٰ کا آخری رسول اور آخری نبی ماننا اور یہ ایمان رکھنا کہ حضرت محمد رَسُوْلُ اللّٰہِ خَاتَمُ النَّبِیّٖنَ ﷺ کے بعد کوئی نبی نہیں آئے گا، عقیدہ رسالت کا لازمی جزو ہے اور جو اس کا انکار کرے وہ مسلمان نہیں ہو سکتا۔

-2 **عبادات (ارکان اسلام): اسلام کے بنیادی ارکان پانچ ہیں:**

i. توحید و رسالت ii. نماز iii. زکوٰۃ iv. روزہ v. حج

i. **توحید و رسالت:** توحید و رسالت اسلام کا پہلا رکن ہے۔

ii. **نماز:** دوسرا رکن نماز ہے۔ اللہ تعالیٰ نے قرآن مجید میں کئی مقامات پر نماز کی ادائی کا حکم دیا ہے۔ نماز کو مقررہ اوقات کے مطابق ادا کرنا فرض ہے۔ اللہ تعالیٰ نے قرآن مجید میں ارشاد فرمایا ہے:

اِنَّ الصَّلٰوۃَ کَانَتۡ عَلَی الۡمُؤۡمِنِیۡنَ کِتٰبًا مَّوۡقُوۡتًا

**ترجمہ:** بے شک نماز کا مومنوں پر اوقات مقررہ میں ادا کرنا فرض ہے۔

دراصل نماز قائم کرنا، دین اسلام کو قائم کرنے کا وہ نمونہ ہے جس کا مظاہرہ ہر روز ہوتا ہے۔ اللہ تعالیٰ کی اطاعت کا ایسا ہی نظام پورے معاشرے میں قائم ہونا چاہیے۔

iii. **زکوٰۃ:** اسلام کا تیسرا رکن زکوٰۃ ہے۔ زکوٰۃ مالی عبادت ہے اور اسلام کے معاشی نظام کی مضبوطی کا ذریعہ ہے۔ زکوٰۃ کے نظام کی وجہ سے دولت چند ہاتھوں میں اکٹھی ہونے کے بجائے گردش میں رہتی ہے اور معاشرے کے غریب طبقے تک بھی پہنچ جاتی ہے۔

iv. **روزہ:** اسلام کا چوتھا رکن روزہ ہے۔ تمام عبادات کی طرح روزہ بھی بندگی کا بہترین اظہار ہے اور بندے اور اللہ تعالیٰ کے درمیان قربت کا ذریعہ ہے۔

v. **حج:** حج اسلام کا پانچواں رکن ہے جو صاحب استطاعت عاقل و بالغ مسلمانوں پر فرض ہے۔ حج کے موقع پر اَللّٰھُمَّ لَبَّیْكَ کی پکار مسلمانوں کے اتحاد اور بھائی چارے کی ایسی مثال ہے جو دنیا میں کہیں نظر نہیں آتی۔

-3 **قانون کی حکمرانی:** قانون کی حکمرانی اسلام کے نظام کی اہم خوبی ہے۔ اس کی بنیاد اس تصور پر ہے کہ قانون کا سرچشمہ اللہ تعالیٰ کی ذات ہے۔ قرآن اور اسوۂ رَسُوْلُ اللّٰہِ خَاتَمُ النَّبِیّٖنَ ﷺ قانون کی بنیاد ہیں۔ بادشاہ اور غلام بھی اس قانون کے سامنے برابر ہیں۔ یوں کہا جا سکتا ہے کہ اسلام کے نظام میں جمہوریت کی روح موجود ہے۔ حکمرانوں کو باہمی مشورے کے ذریعے فیصلوں کا پابند کر کے جمہوریت کی مہر لگا دی گئی ہے، شرط یہ ہے کہ تمام فیصلے قرآن و سنت کی روشنی میں ہوں۔

-4 **اخوت و مساوات:** اسلامی معاشرہ میں اخوت و مساوات کو خاص اہمیت حاصل ہے۔ مدینہ منورہ میں جب اسلامی حکومت قائم ہوئی تو اس میں اخوت اور مساوات مثالی تھی۔ آج بھی اسلامی معاشرہ اسی اخوت و بھائی چارے اور مساوات کا تقاضا کرتا ہے جو "مواخات مدینہ" میں نظر آئی تھی۔ اسلام سے پہلے اس اصول کی شدید کمی تھی اور لوگ ایک دوسرے کی جان کے دشمن تھے لیکن مدینہ کی ریاست کے وجود سے حضرت محمد رَسُوْلُ اللّٰہِ خَاتَمُ النَّبِیّٖنَ ﷺ نے حقوق العباد پر عمل کرتے ہوئے یتیموں، بیواؤں اور ناداروں پر شفقت کرنے کی تلقین کی۔ حضرت محمد رَسُوْلُ اللّٰہِ خَاتَمُ النَّبِیّٖنَ ﷺ نے لوگوں کو زندگی بسر کرنے کا ضابطہ دیا تا کہ لوگ آپس میں محبت سے رہ سکیں اور معاشرے میں بھائی چارے اور مساوات کی فضا قائم ہو۔ حضرت محمد رَسُوْلُ اللّٰہِ خَاتَمُ النَّبِیّٖنَ ﷺ نے زکوٰۃ اور خیرات کے نظام کو وضع کیا اور سود کو حرام قرار دیا کیونکہ اسلام میں دوسروں کے استحصال (لوٹ کھسوٹ) کی کوئی گنجائش نہیں۔

-5 **عدل و انصاف:**

**عدل و انصاف کی اہمیت:** عدل و انصاف کے بغیر کوئی بھی معاشرہ ترقی نہیں کر سکتا لہٰذا عدل و انصاف کا تقاضا ہے کہ معاشرے میں ہر کسی کو اس کا حق ملے۔ جہاں انصاف پر مبنی معاشرہ ہو گا وہاں معاشرے کی دوسری خرابیاں خود بخود ٹھیک ہو جائیں گی کیوں کہ اس طرح کوئی کسی کا حق غصب نہیں کر سکے گا۔ سزا کے خوف سے کوئی بے ایمانی یا ناانصافی کا مرتکب نہ ہو گا۔

**قبل از اسلام اور بعد از اسلام عدل وانصاف کی حالت:** طلوعِ اسلام سے پہلے اس قسم کی بے ایمانی کہ طاقتور کو سزا نہ دینا جب کہ کمزور کو سزا دینا عام تھا لیکن اسلام کے بعد عدل وانصاف کا بول بالا ہوا۔ معاشرے میں عدل وانصاف کی فضا قائم ہوئی اور مسلمان معاشرے میں انصاف ایک اہم ضرورت بن گیا۔

**(iii) علامہ محمد اقبالؒ کے ارشادات کی روشنی میں نظریۂ پاکستان کی وضاحت کریں۔**

**جواب: نظریۂ پاکستان اور علامہ محمد اقبال رحمتہ اللہ علیہ:** علامہ محمد اقبالؒ برصغیر کے ان مسلم رہنماؤں میں سے ایک ہیں جنھوں نے مسلمانوں کو الگ ریاست کا تصور دیا اور اپنی شاعری کے ذریعے ان کو بیدار کیا۔ پہلے پہل آپ بھی ہندو مسلم اتحاد کے حامیوں میں سے تھے لیکن ہندوؤں کی تنگ نظری نے جلد ہی علامہ محمد اقبالؒ کو اس بات پر سوچنے پر مجبور کر دیا کہ وہ الگ ملک کا مطالبہ کریں۔

**خطبہ الٰہ آباد:** علامہ محمد اقبالؒ نے خطبہ الٰہ آباد 1930ء کے ذریعے مسلمانوں کے لیے ایک الگ ریاست کا مطالبہ کیا تاکہ مسلمان اس میں رہ کر اپنے مذہب اور ثقافت کے مطابق زندگی گزار سکیں۔ آپ نے فرمایا: ''مجھے ایسا نظر آتا ہے کہ اور نہیں تو شمال مغربی ہندوستان کے مسلمانوں کو بالآخر ایک اسلامی ریاست قائم کرنا پڑے گی۔ اگر ہم چاہتے ہیں کہ اس ملک میں اسلام بحیثیت تمدنی قوت زندہ رہے تو اس کے لیے ضروری ہے کہ وہ ایک مخصوص علاقے میں اپنی مرکزیت قائم کرے۔ میں صرف ہندوستان میں اسلام کی فلاح و بہبود کے خیال سے ایک منظم اسلامی ریاست کے قیام کا مطالبہ کر رہا ہوں۔''

**خلاصہ کلام:** برصغیر میں چونکہ دو الگ الگ قومیں آباد تھیں اس لیے علامہ محمد اقبالؒ مسلمانوں کو ایک بڑی اور الگ قوم کی حیثیت سے اجاگر کرنا چاہتے تھے۔ وہ سمجھتے تھے کہ سیاسی، سماجی اور معاشی تحفظ کے لیے ضروری ہے کہ ان کے لیے الگ ریاست ہو۔

**(iv) قائداعظم محمد علی جناحؒ کے ارشادات کی روشنی میں نظریۂ پاکستان کا احاطہ کریں۔**

**جواب: نظریۂ پاکستان اور قائداعظمؒ**

**i. برصغیر کے تاریخی پس منظر میں قائداعظمؒ کا مقام و مرتبہ:** تاریخ میں کچھ ایسی شخصیات ملتی ہیں جنھوں نے اقوام کی تقدیر کو بدل کر رکھ دیا۔ قائداعظم محمد علی جناحؒ برصغیر کی ان شخصیات میں سے ایک ہیں جنھوں نے برصغیر کے مسلمانوں کی تقدیر کو بدل کر رکھ دیا۔

**ii. قائداعظمؒ اور دو قومی نظریہ:** قائداعظم محمد علی جناحؒ دو قومی نظریہ کے زبردست حامی تھے اور وہ ہر لحاظ سے مسلمانوں کو الگ قوم کا درجہ دیتے تھے۔ آپؒ نے اس سلسلے میں فرمایا: ''قومیت کی جو بھی تعریف کی جائے مسلمان اس تعریف کی رو سے الگ قوم ہیں۔ وہ اس بات کا حق رکھتے ہیں کہ اپنی الگ مملکت قائم کریں۔ مسلمانوں کی یہ خواہش ہے کہ وہ اپنی روحانی، اخلاقی، تمدنی، اقتصادی، معاشرتی اور سیاسی زندگی کی مکمل نشوونما کریں اور اس مقصد کے لیے جو طریقہ اپنانا چاہیں وہ اپنا سکیں۔''

**iii. قائداعظمؒ کا لاہور میں خطاب:** قراردادِ لاہور 23 مارچ 1940ء کو پیش ہوئی جس میں قائداعظمؒ نے خطبہ صدارت دیتے ہوئے فرمایا: ''ہندو اور مسلمان دو علیحدہ مذاہب سے تعلق رکھتے ہیں جو بالکل مختلف عقائد پر قائم ہیں اور مختلف نظریات کی عکاسی کرتے ہیں۔ دونوں اقوام کے ہیروز، رزمیہ کہانیاں اور واقعات ایک دوسرے سے مختلف ہیں۔ لہٰذا دونوں قوموں کو ایک لڑی میں پرونے کا مقصد برصغیر کی تباہی ہے کیوں کہ یہ برابری کی سطح پر نہیں بلکہ اقلیت اور اکثریت کے روپ میں موجود ہیں۔ برطانوی حکومت کے لیے بہتر ہوگا کہ ان دونوں قوموں کے مفادات کو مدنظر رکھتے ہوئے برصغیر کی تقسیم کا اعلان کرے جو کہ تاریخی اور مذہبی لحاظ سے ایک صحیح قدم ہوگا۔''

**iv. قائداعظمؒ کا احمد آباد میں خطاب:** 29 دسمبر 1940ء کو احمد آباد میں خطاب کرتے ہوئے قائداعظمؒ نے فرمایا: ''پاکستان صدیوں سے موجود رہا ہے، شمال مغرب مسلمانوں کا وطن رہا ہے، ان علاقوں میں مسلمانوں کی آزاد ریاستیں ہونی چاہییں تاکہ وہ اسلامی شریعت کے مطابق اپنی زندگی بسر کریں۔''

**v. قیامِ پاکستان کے بعد قائداعظمؒ کا خطاب:** پاکستان بننے کے بعد قائداعظمؒ نے فرمایا: ''ہمیں پنجابی، سندھی، بلوچی اور پٹھان کے جھگڑوں سے بالاتر ہو کر سوچنا چاہیے۔ ہم صرف اور صرف پاکستانی ہیں۔ اب ہمارا فرض ہے کہ پاکستانی بن کر زندگی گزاریں۔ یہی اسلام کی بنیادی تعلیم ہے۔''

**vi. حکومتِ پاکستان کے افسران سے خطاب:** 11 اکتوبر 1947ء کو حکومتِ پاکستان کے افسران سے خطاب کرتے ہوئے قائداعظمؒ نے فرمایا: ''ہمارا نصب العین یہ ہے کہ ہم ایک ایسی مملکت تخلیق کریں جہاں ہم آزاد انسانوں کی طرح رہ سکیں، جو ہماری تہذیب وتمدن کی روشنی میں پھلے پھولے اور جہاں اسلام کے معاشرتی انصاف کے اصولوں کو ابھارنے کا موقع ملے۔''

**vii. سٹیٹ بینک کا افتتاح کرتے ہوئے قائداعظمؒ کا خطاب:** یکم جولائی 1948ء کو قائداعظمؒ نے سٹیٹ بینک کا افتتاح کرتے ہوئے فرمایا: ''مغرب کا معاشی نظام انسانیت کے لیے ناقابلِ حل مسائل پیدا کر رہا ہے اور یہ لوگوں کے درمیان انصاف قائم کرنے میں ناکام رہا ہے۔ ہمیں دنیا کے سامنے ایک ایسا معاشی نظام پیش کرنا چاہیے جو اسلام کے صحیح تصورِ مساوات اور سماجی انصاف کے اصولوں پر مبنی ہو۔''

**(v) برصغیر میں اسلام کی بنیادی اقدار اور سماجی وثقافتی حوالے سے نظریۂ پاکستان کی وضاحت کریں۔**

**جواب: برصغیر میں اسلام کی بنیادی اقدار اور سماجی وثقافتی حوالے سے نظریۂ پاکستان کی وضاحت:**

**وجودِ پاکستان کا انحصار:** نظریۂ پاکستان اسلامی جمہوریہ پاکستان کی روح ہے اور اس کی وجہ سے ہی محفوظ اور سلامت ہے۔ پاکستان کے وجود کا انحصار اسی نظریہ پر ہے، جس کی بنیاد پر یہ وجود میں آیا۔ برصغیر کے مسلمانوں نے پاکستان اسی نظریے کے تحت قائم کیا اور یہی نظریہ اسے مضبوط اور مستحکم رکھ سکتا ہے۔ اسلامی اصولوں کے نفاذ کے لیے ہی پاکستان قائم کیا گیا۔

**1. اسلامی اقدار: اسلامی معاشرے کے تصورات:** برصغیر کے مسلمانوں نے پاکستان کے مطالبے کے وقت یہ طے کیا تھا کہ اسلام کے سنہرے اصولوں پر مبنی معاشرہ بنایا جائے گا جہاں اسلامی اقدار مثلاً: انصاف، مساوات، آزادی اور رواداری کو فروغ دیا جائے گا۔ قیامِ پاکستان کے بعد قائداعظمؒ سے سوال کیا گیا کہ تقسیم کیے بغیر برصغیر میں مسلمانوں کو اپنے مذہب کے مطابق عبادت کرنے کی آزادی ہے تو پھر پاکستان کا مطالبہ کیوں؟ آپؒ نے جواب میں فرمایا: ''بھائی چارا، مساوات اور انسان دوستی ہمارے مذہب، ثقافت اور تہذیب کی بنیادی باتیں ہیں۔ چوں کہ ہمیں ان بنیادی انسانی حقوق کے ختم ہونے

AL-RAZI PUBLICATIONS

کا خدشہ تھا اس لیے ہم نے پاکستان کی تخلیق کے لیے جدوجہد کی۔"

**قائداعظمؒ کی نظر میں پاکستان فلاحی ریاست:** قائداعظمؒ کی نظر میں پاکستان کو ایک ایسا ملک بنانا تھا جہاں حقوق، انسانی آزادی، انصاف اور رواداری کار فرما ہونا تھی۔ اس طرح پاکستان دوسرے ممالک اور معاشرے کے لیے ایک مثال بن سکتا تھا تا کہ وہ اس کے نقش قدم پر چل کر خوشگوار اور فلاحی صورت اختیار کر سکتے۔ نظریۂ پاکستان فلاحی اور مثالی ریاست کے قیام کی بنیاد سمجھا گیا۔

.2 **مسلمان مصلحین:** برصغیر میں دوقومی نظریے کی ابتدا تو مسلمانوں کی آمد کے ساتھ ہی ہو گئی تھی۔ پھر مختلف موقعوں پر اس نظریے کی وضاحت، ترقی اور مضبوطی کے امکان کی صورتیں پیدا ہوتی گئیں۔ 1867ء میں سرسید احمد خاں نے صاف طور پر کہہ دیا تھا کہ ہندو اور مسلمان دو الگ الگ قومیں ہیں اور ایک دوسرے میں جذب نہیں ہو سکتیں۔ 1879ء میں مولانا جمال الدین افغانیؒ، 1890ء میں مولانا عبدالحلیم شرر اور 1928ء میں مولانا مرتضیٰ احمد میکش نے مسلمانوں کے لیے الگ ریاست کے قیام کی بات کی۔ علامہ محمد اقبالؒ نے 1930ء میں خطبہ الٰہ آباد میں مسلمانوں کی الگ ریاست کا تصور پیش کیا۔

.3 **برصغیر کے مسلمانوں کے معاشرتی اور ثقافتی حالات:**

**اسلامی ثقافتی اقدار کا تحفظ:** نظریۂ پاکستان ایک مخصوص طرزِ زندگی اور تہذیب و ثقافت کی دعوت دیتا ہے۔ بلاشبہ برصغیر کی مسلم تہذیب و ثقافت پر اسلام نے گہرے اثرات چھوڑے ہیں۔ برصغیر کے مسلمانوں کے منفرد نسلی و تمدنی، تاریخی ورثہ اور جغرافیائی ماحول کی وجہ سے بھی روایات نے نشوونما پائی۔ ایسے تمام طریقے جو اسلامی تعلیمات کے خلاف نہیں تھے وہ یہاں کے مسلمانوں کا ثقافتی ورثہ تھا اور آج بھی ہے۔ برصغیر میں دوسری قوموں کے ساتھ رہ کر مسلمانوں نے اسلام کی ثقافتی اقدار کا تحفظ کیا۔

**اسلام اور جمہوریت:** اسلام اپنی روح میں ایک جمہوری نظام ہے۔ اس میں شورائی طریقے کو اہمیت حاصل ہے اور اسلام میں قانون کی حاکمیت کو یقینی بنانا مقصد ہوتا ہے۔ نظریۂ پاکستان پر عمل کرنے سے ہی برصغیر کے مسلمانوں میں رواداری، انصاف اور جمہوریت کی جڑیں مضبوط ہوئیں۔ نظریۂ پاکستان میں جمہوریت ایک اہم ستون کی حیثیت رکھتی ہے۔ قومی تعمیرِ نو کا انحصار ملی جذبوں کی آبیاری، جمہوریت کی کامیابی اور اسلام سے وابستگی پر ہے۔

**مسلمان ملت واحد:** برصغیر میں کئی زبانیں بولنے والے مسلمان رہتے تھے، اُن کی ثقافتیں، روایتیں، نسلیں اور سماجی ماحول مختلف تھے اور رنگوں میں بھی یکسانیت نہیں تھی۔ دینِ اسلام ہی وہ واحد طاقت تھی جو تمام مسلمانوں کو ایک قوم کے سانچے میں ڈھالے ہوئے تھی۔ اسلام کی رُو سے مسلمان، مسلمان کا بھائی ہے اور مسلمان ہمیشہ اپنی پہچان اپنے مذہب کے حوالے سے کرواتے تھے۔ علامہ اقبالؒ نے مذہبی بنیادوں پر زور دیا اور کہا کہ مسلمان دینِ اسلام کی وجہ سے ایک ملت ہیں اور ان کی قوت کا انحصار اسلام پر ہے۔ انھوں نے مسلم ملت کی اساس کے حوالے سے حقیقی تصور اپنے اشعار میں بیان کیا۔

(vi) **دوقومی نظریہ کی وضاحت کریں۔**

**جواب: برصغیر کے مسلمانوں کی مذہبی، ثقافتی، سماجی و معاشی محرومی کے حوالے سے دوقومی نظریہ کی ابتدا اور ارتقا کی وضاحت:**

**دوقومی نظریہ کا مفہوم:** دوقومی نظریہ سے مراد یہ ہے کہ برصغیر پاک و ہند میں دو بڑی قومیں ہندو اور مسلمان آباد ہیں۔ یہ دونوں قومیں صدیوں تک ایک دوسرے کے ساتھ رہنے کے باوجود آپس میں گھل مل نہ سکیں۔ دوقومی نظریہ کی بنیاد مسلمانوں کا علیحدہ تشخص ہے۔ پاکستان دوقومی نظریہ کی بنیاد پر قائم ہوا۔

**دوقومی نظریہ کا نصب العین:** دوقومی نظریہ کا نصب العین یہ تھا کہ اسلام کے قومی تصور کی بنیاد پر ہندوستان میں مسلمانوں کی ایک ایسی آزاد ریاست قائم کی جائے جس میں رہتے ہوئے وہ اپنی انفرادی اور اجتماعی زندگی اسلامی اصولوں کے مطابق گزار سکیں۔

-1 **برصغیر میں دوقومی نظریے کی ابتدا:** برصغیر میں دوقومی نظریے کی ابتدا مسلمانوں کی آمد اور محمد بن قاسم کی فتح سندھ سے ہوئی۔ 712ء میں عرب نوجوان سپہ سالار محمد بن قاسم نے سندھ کے راجہ داہر کو شکست دی۔ محمد بن قاسم کے ساتھ کچھ عرب تبلیغ اسلام کے لیے بھی آئے اور وہ مستقل طور پر سندھ اور ملتان میں آباد ہو گئے۔ محمد بن قاسم کے حسن سلوک، رواداری اور انصاف نے مقامی لوگوں کو اس قدر متاثر کیا کہ وہ اُسے اوتار اور دیوتا سمجھنے لگے۔ تبلیغ کرنے والوں نے ان لوگوں کو اسلام کی سیدھی، سچی اور توحید کی راہ دکھائی اور یہ لوگ بخوشی دائرہ اسلام میں داخل ہو گئے۔ غزنوی اور غوری ادوار کے بعد 1206ء میں قطب الدین ایبک نے سلطنتِ دہلی کی بنیاد رکھی۔ اس کے بعد ہندوستان میں مختلف مسلم حکمرانوں نے 1857ء تک حکومت کی۔ مسلمانوں نے ہندوستان پر قریباً ایک ہزار سال تک حکومت کی۔ ہندوؤں نے کبھی مسلمانوں کو دل سے تسلیم نہیں کیا۔ اِس کا اظہار بہت پہلے البیرونی نے اپنی کتاب "کتاب الہند" میں بھی کر دیا تھا۔

-2 **سرسید احمد خاں اور دوقومی نظریہ:**

i. **ہندو مسلم دوست نہیں:** انگریزوں کے ہندوستان پر قبضے کے بعد جس شخصیت نے سب سے پہلے مسلمانوں کو علیحدہ قوم قرار دیا، وہ سرسید احمد خاں تھے۔ آپ 1817ء کو دہلی میں پیدا ہوئے۔ ابتدا میں سرسید احمد خاں متحدہ قومیت کے حامی تھے لیکن جب 1857ء کی جنگ آزادی کے بعد ہندو انگریزوں کے زیادہ قریب ہو گئے تو سرسید کو یہ احساس ہوا کہ ہندو کبھی مسلمانوں کے دوست نہیں ہو سکتے۔

.ii **اُردو ہندی تنازع:** 1867ء میں بنارس میں اردو ہندی تنازع کے موقع پر سرسید احمد خاں نے واضح اعلان کیا کہ مسلمان اور ہندو الگ الگ قومیں ہیں۔

.iii **تعلیمی و سیاسی میدان میں ترقی کے لیے جدوجہد:** سرسید احمد خاں نے مسلمانوں کی تعلیمی اور سیاسی میدان میں ترقی کے لیے جدوجہد کا آغاز کیا۔ اس سلسلے میں تعلیمی ترقی کے لیے ایم۔اے۔او ہائی سکول اور کالج کا قیام اہم اقدام تھے۔ اُنھوں نے 1898ء میں وفات پائی۔

-3 **چودھری رحمت علی اور دوقومی نظریہ:** چودھری رحمت علی اسلامیہ کالج لاہور کے نامور طالب علم تھے۔ 1933ء میں آپ نے لندن میں پاکستان نیشنل موومنٹ کی بنیاد رکھی۔ 28 جنوری 1933ء کو انھوں نے "اب یا پھر کبھی نہیں" (Now OR Never) کے عنوان سے ایک مشہور کتابچہ جاری کیا، جو تحریک پاکستان کے لیے مضبوط دیوار ثابت ہوا اور برصغیر کے مسلمانوں کے ساتھ ساتھ دیگر قومیں بھی لفظ "پاکستان" سے آشنا ہوئیں۔

# الرازی

# اَپ ٹو ڈیٹ پیپرز

## 100/100 فارمولا

AL-RAZI PUBLICATIONS

مختصر ترین وقت میں امتحان میں سو فیصد کامیابی کے لیے کثیر الانتخابی، مختصر سوالات اور انشائیہ سوالات پر مشتمل

100/100 الرازی فارمولا

## معروضی طرز (کثیر الانتخابی سوالات)

1۔ نظریہ کے لیے انگریزی میں لفظ استعمال ہوتا ہے:
a آئیڈیالوجی B بائیولوجی
C فزیالوجی D رولز

2۔ دوقومی نظریہ سے مراد برصغیر پاک و ہند میں بڑی قومیں آباد ہیں:
a 2 B 3 C 4 D 5

3۔ برہموسماج کا بانی تھا:
a رام موہن B دیانند سرسوتی
C گاندھی D ابی نند دیلی

4۔ اسلام کا تیسرا رکن ہے:
A حج B نماز c زکوٰۃ D روزہ

5۔ ہندوستان پر مسلمانوں کا دور حکومت رہا:
A 1820ء تک B 1822ء تک
C 1824ء تک d 1857ء تک

6۔ انگریزوں نے ______ معمولی عہدوں سے ترقی دے کر اعلیٰ عہدوں تک پہنچا دیا۔
A مسلمانوں کو b ہندوؤں کو
C سکھوں کو D عیسائیوں کو

7۔ علامہ محمد اقبالؒ نے اسلام کی فلاح و بہبود کے خیال سے اسلامی ریاست کے قیام کا مطالبہ کیا:
a ہندوستان میں B ایران میں
C شام میں D افغانستان میں

8۔ ہندو اور مسلمان علیحدہ مذاہب سے تعلق رکھتے ہیں:
a دو B چار C چھ D آٹھ

9۔ کانگریسی وزارتوں کا دور رہا:
A 1933-35ء b 1937-39ء
C 1939-41ء D 1941-43ء

10۔ ایسٹ انڈیا کمپنی کے نئے ٹیکسوں کے باعث کسانوں پر شرح بڑھ گئی:
A عشر کی B زکوٰۃ کی
c محصول کی D صدقہ کی

11۔ نظریۂ پاکستان کی بنیاد ہے:
A اجتماعی نظام B دوقومی نظریہ
C ترقی پسندیت d اسلامی نظریۂ حیات

12۔ پہلے پہل علامہ محمد اقبالؒ حامی تھے:
A تحریک تعاون کے
B میثاق لکھنؤ کے C دوقومی نظریے کے
d ہندو مسلم اتحاد کے

13۔ 1930ء میں مسلمانوں کو الگ ریاست کا تصور دینے والی شخصیت ہے:
A قائداعظمؒ b علامہ محمد اقبالؒ
C سرسید احمد خاں D مولانا محمد علی جوہر

14۔ بنگال کے نواب سراج الدولہ نے انگریزوں کا راستہ روکنا چاہا:
A 1750ء میں B 1755ء میں
c 1757ء میں D 1760ء میں

15۔ سرسید احمد خاں کا علی گڑھ کالج یونیورسٹی بنا:
a 1920ء میں B 1922ء میں
C 1925ء میں D 1930ء میں

16۔ پہلی جنگ عظیم میں ترکیہ نے ساتھ دیا:
A رُوس کا B امریکا کا
C جرمنی کا d جاپان کا

17۔ ''مسلمانوں کا احساسِ محرومی'' مسلم لیگ کے مقاصد تھے:
A دوسرا b تیسرا
C چوتھا D پانچواں

18۔ 1916ء میں مسلم لیگ اور کانگریس کے درمیان معاہدہ پایا:
A شملہ B میثاق جمہوریت
C سندھ طاس d میثاق لکھنؤ

19۔ تحریک عدم تعاون کے مقاصد تھے:
A 5 b 7 C 9 D 11

20۔ نہرو رپورٹ پیش کی گئی:
A 1938ء میں b 1928ء میں
C 1918ء میں D 1908ء میں

21۔ مرکزی اسمبلی میں مسلمان ممبران کی تعداد کم نہ ہو:
a ایک تہائی سے B دو تہائی سے
C نصف سے D ایک چوتھائی سے

22۔ کابینہ مشن پلان کے بنیادی مقاصد تھے:
a دو B تین C چار D پانچ

**23۔ قائداعظمؒ نے حالات کی نزاکت کو بھانپتے ہوئے فوری طور پر دارالحکومت بنایا:**

A اسلام آباد کو b کراچی کو

C لاہور کو D حیدرآباد کو

**24۔ تقسیم کے وقت متحدہ ہندوستان میں بینکوں کی کل شاخیں تھیں:**

A 450 B 460

C 480 d 485

**25۔ 1970ء کے انتخابات میں مغربی پاکستان سے پاکستان پیپلز پارٹی نے قومی اسمبلی کی نشستیں حاصل کیں:**

A 37 b 81

C 112 D 160

**26۔ دوسرے پانچ سالہ منصوبے کے مقاصد کو پورا کرنے کے لیے تخمینہ لگایا گیا تھا:**

A 20ارب کا B 22ارب کا

c 23ارب کا D 25ارب کا

**27۔ علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی قائم ہوئی:**

a 1974ء میں B 1976ء میں

C 1978ء میں D 1980ء میں

**28۔ پاکستان دوبارہ دولت مشترکہ کا رکن بنا:**

A 1985ء میں B 1987ء میں

C 1988ء میں d 1989ء میں

